


# خاندان کے بارے میں بات کرنا

Espen Stranger-Johannessen
Billie Cejka Risnes
Yasir Tayyab
3
اردو ur



“کیا آپ کا کوئی خاندان ہے؟”



“جی ہاں، میرے شوہر اور میری دو بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے۔”



“میری بھی دو بیٹیاں ہیں، لیکن میں طلاق یافتہ ہوں۔”



“آپ کی بیٹیوں کی عمر کیا ہے؟”



“مینا چار سال کی ہے۔ وہ نرسری اسکول جاتی ہے۔ مریم دس سال کی ہے،
اس لیے وہ اسکول جاتی ہے۔”



“میرے تمام بچے سکول میں ہیں۔ میرا بیٹا اگلے سال گریجویٹ ہو جائے گا۔”



“یہ بہت اچھی بات ہے! بچے اتنی جلدی سے بڑے ہو جاتے ہیں۔ وہ اس کے بعد کیا کرنا چاہتا ہے؟”




"وہ نوکری حاصل کرنا چاہتا ہے، لیکن میں اسے کہتی ہوں کہ اسے یونیورسٹی جانا چاہیے۔"



“یہ بہت اچھی سوچ ہے۔ مجھے بھی امید ہے کہ میرے بچے کسی دن یونیورسٹی جائیں گے۔”

# LIDA Stories

lidastories.net

## خاندان کے بارے میں بات کرنا


Espen Stranger-Johannessen
Billie Cejka Risnes
Yasir Tayyab